

قرآن مجید کا مطالعہ

سورۃ الفاتحہ 1

الفاتحہ۔۔۔قرآن مجید کا تعارف

قرآن مجید کا تعارف۔۔۔ سورۃ الفاتحہ 1

ہر انسان کی خواہش ہے کہ اس زندگی کا مقصد سامنے آئے اور وہ صحیح طریقے سے ہماری زندگی کا فائنل رزلٹ سامنے آئے۔ جس انسان میں خلوص موجود ہو تو وہ پھر ہدایت چاہتا رہا ہے۔ اسی کے جواب میں اللہ تعالی نے پہلی سورۃ الفاتحہ میں ہدایت کی ایگزیکٹو سمری بیان فرمائی اور اس کے لیے دعا یعنی درخواست کے فارمیٹ میں بتا دیا ہے۔

- سلیم الفطرت یعنی خلوص کے لاجیکل انسان کی خواہش
  - موجودہ زندگی کا مقصد اور اس کا فائنل رزلٹ کے لیے اللہ تعالی سے درخواست
- ہدایت سے انحرافات (Deviation) اور گمراہی کی وجہ سے سیاسی اور مذہبی لیڈرز نے دین کا چہرہ بگاڑ دیا
  - الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ ۔۔۔ جن پر غضب ہوا
  - وَلَا الضَّالِّينَ ۔۔۔ سیدھی سے بھٹکے ہوئے اور گمراہ
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت
- دعا کا جواب۔۔۔ یہ قرآن مجید تا کہ ہم گمراہیوں سے بچ کر اللہ تعالی کے حضور پہنچ سکیں۔

مختصراً جواب اللہ تعالی نے دے دیا کہ انسان کا صحیح راستہ یہ ہے۔ اس کی تفصیل قرآن مجید کی تمام سورتوں میں وضاحت موجود ہے۔ یہ فائدہ اس انسان کو حاصل ہے جس میں صحیح راستہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ باقی وہ انسان جس میں خلوص نہیں ہے اور وہ اپنے مفادات کا شوق ہے تو پھر تو اس ہدایت کا کوئی فائدہ حاصل نہیں کرتا ہے۔

اگر آپ اللہ تعالی پر ایمان رکھتے ہیں تو پھر ہر نماز کی ہر رکعت میں یہ درخواست روزانہ کرتے رہتے ہیں۔ اسی کا جواب اگلی تمام سورتوں میں موجود ہے۔

سورۃ الفاتحہ 1

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

(1) اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ۔

(2) الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

(3) مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ۔

(4) اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔

(5) اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ۔

(6) صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ۔

اللہ کے نام سے آغاز کہ وہی رب حقیقتاً رحمت عنایت فرمانے والا ہے اور اس کی ہمدردی ہمیشہ کے لیے ہے۔

شکر اور تعریف اللہ تعالی ہی کے لیے ہے جو پوری یونیورس کا رب ہے۔

اس کی کنفرم رحمت ہے جس کی شفقت ہمیشہ کے لیے ہے۔

وہی رب (موجودہ زندگی کے) فائنل رزلٹ کے دن کا مالک ہے۔

(اے رب!) ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ سے ہی مدد مانگ رہے ہیں۔

مجھے سیدھی راہ کی ہدایت عنایت فرمادیجیے۔

(یہ ہدایت صرف) انہی لوگوں کا راستہ سمجھا دیجیے جن پر آپ نے عنایت فرماتے رہے ہیں۔ ان لوگوں کے راستے (سے جان چھڑا لیجیے) جن پر آپ کا غضب آیا تھا یا وہ لوگ جو ہدایت سے گمراہ ہوتے رہے ہیں۔

Contact Details

Muhammad Mubashir Nazir

MS-Islamic Studies, MBA, FCCA, CISA, CIA, CRMA

Email: mubashirnazir100@gmail.com

Web: www.mubashirnazir.org

Quranic Studies Books & Lectures:

https://mubashirnazir.org/2022/11/16/%d8%b9%d9%84%d9%88%d9%85-%d8%a7%d9%84%d9%82%d8%b1%d8%a2%d9%86-%d9%be%d8%b1%d9%88%da%af%d8%b1%d8%a7%d9%85/

https://mubashirnazir.org/lectures/

تقابلی مطالعہ کا ترجمہ اور تفاسیر کا انتخاب: تفسیر البیان، تفسیر تفہیم القرآن، تدبر القرآن، ضیاء القرآن، معارف القرآن، تفسیر المیزان اور The Message of Quran
https://drive.google.com/drive/u/0/folders/1t4LonZnX6kYGOewLs1KcaNrJZ8niPF0t